© rasailojaraid.com



# گوشہ تعارف وتبصرہ کتب

## مولانا عبدالقیوم حقانی اوران کی علمی خدمات

مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کا شمار اکابر علماء اہلسنت والجماعت علماء دیوبند میں کیا جاتا ہے آپ جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک کے ممتاز فارغ التحصیل علماء میں سے ایک ہیں ایسے شاگرد ہیں جن پر خود جامعہ کو فخر ہے۔ موصوف نے جامعہ حقانیہ میں تدریسی خدمات کے بعد اپنا جامعہ نوشہرہ خالق آباد پشاور روڈ پر قائم کیا ہے۔ جس کا نام جامعہ ابوہریرہؓ ہے۔

اس جامعہ کی عظیم لائبریری ہے اور جامعہ کے زیر اہتمام دیگر تین مدارس دینی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

ایک کلینک ہے ایک اسکول قائم کیا گیا ہے۔

اس جامعہ کی اہم ترین خصوصیت شعبہ تصنیف وتالیف ہے جتنی کتب اس جامعہ سے شائع ہوئی ہیں پورے ملک میں کسی بھی چھوٹے بڑے مدرسہ سے اس کی عشر عشیر بھی شائع نہیں ہوئی ہیں۔

یہ فرق صرف ایک شخصیت مولانا عبدالقیوم حقانی کی ذات گرامی کے سبب ہے۔

جن کی پچاس سے زائد تصانیف شائع ہو چکی ہیں اور اتنی ہی کتب اشاعت کی منتظر ہیں۔

بلکہ اس ادارہ کی شناخت ہی ماہنامہ القاسم اور تصانیف ہیں ہماری دعاء ہے اللہ تبارک و تعالیٰ مولانا کو مزید ترقی نصیب فرمائے سیرت النبی ﷺ کی مناسبت سے کچھ کتب کا تعارف بقیہ کی فہرست پیش خدمت ہے۔

### ۱۔ حقائق السنن شرح جامع السنن للترمذیؒ (جلد دوم)

افادات! شیخ الحدیث مولانا عبدالحق حدیث کی جلیل القدر کتاب جامع ترمذی کی مبسوط اور مدلل شرح، حضرت شیخ الحدیثؒ کی جامع ترمذی سے متعلق تقاریر وافادات درس کا مجموعہ ہے ضبط وترتیب وتحشیہ: مولانا عبدالقیوم حقانی۔ صفحات:536............. قیمت:300روپے

© rasailojaraid.com